08/04/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنیے۔

امت شاہ

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سرکار ملک کی سرحدوں پر نگرانی بڑھانے کیلئے ٹیکنالوجی پر مبنی الیکٹرانک نگرانی نظام تعینات کر رہی ہے اور یہی ٹیکنالوجی جموں کشمیر میں بھی دہشت گردوں کی در اندازی کو روکنے اور سرحدوں پر زیر زمین سرنگوں کا پتہ لگانے کیلئے استعمال میں لائی جائے گی ۔

مرکزی وزیر داخلہ جموں کشمیر کے تین روزہ دورے پر ہیں اور وہ کل شام سرینگر پہنچے۔ سرینگر ائر پورٹ پر ان کا استقبال لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، سینئر BJP لیڈرڈاکٹر درخشاں اندرابی اور دیگر کئی اہم شخصیات نے کیا ۔

سرینگر پہنچنے کے بعد وزیر داخلہ کوکرناگ جھڑپ میں جاں بحق ہوئے پولیس کے DSP ہمایوں مزمل بٹ کے گھر بھی گئے جہاں انہوں نے مرحوم کے اہلخانہ سے تعزیت کی۔

رپورٹ

وزیر داخلہ آج سرینگر میں یونیفائیڈ ہیڈ کواٹر کی میٹنگ کی صدارت کریں گے جس دوران وہ جموں کشمیرکی مجموعی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔

مرکزی وزیر داخلہ کے جموں کشمیر کے دورے کے حوالے سے ،مزید تفصیلات، آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کی اس رپورٹ میں۔

مُدرا یوجنا

مرکزی سرکار کی ایک اہم اسکیم مُدرا یوجنا کے دس سال مکمل ہونے پروزیر اعظم نریندر مودی آج ایک پروگرام کے دوران یوجنا کے مستفیدین سے بات چیت کریں گے۔

واضح رہے کہ مُدرا یوجنا کے آج کے دم تک زائد از 52کروڑ قرضے فراہم کئے گئے ہیں، جن کے تحت32لاکھ کروڑ روپے کی رقم استفادہ کنند گان کو فراہم کی جا چکی ہے۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے مختلف شعبوں میں کل کروڑوں روپے مالیت کی جدید مشینری اور طبی ساز و سامان عوام کیلئے وقف کیاگیا

اس سلسلے میں انسٹی چیوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

معصومہ رضوی

سرکاری سطح پرزچگی کے دوران زچہ و بچہ کی بہتر طبی نگہداشت کیلئے اطمینان بخش کام کیا جا رہا ہے اور اس کا مقصد زچہ و بچہ کے شرح اموات میں کمی لانا ہے ۔

سرینگر میں قائم گورنمنٹ لل دید اسپتال میں شعبہ Gynaecology & Obstetrics کی سربراہ پروفیسر معصومہ رضوی نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

حادثہ

اننت ناگ کے بجبہاڑہ میں دو گاڑیوں کے بیچ ٹکر ہونے کے نتیجے میں دو نوجوان جان بحق اور دو دیگرزخمی ہو گئے ہیں

ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ ایک ٹرک اور ایک آلٹو کار کے بیچ راست ٹکر ہونے کے نتیجے میں پیش آیا

جاں بحق ہوئے نوجوانوں کے نام //عرفان احمد ساکنہ میر بازار اور جاسف حسن ساکنہ سنگم بتائے گئے ہیں۔

سیاحت

سرینگر میں قائم ایشیاءکے سب سے بڑے باغ گلہ لالہ میں سیلانیوں کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہو رہا ہے ۔کل بھی20ہزار686سیاحوں نے اس باغ کی سیر کی اور اس طرح سے اب تک وہاں کا نظارہ کرنے والوں کی مجموعی تعداد 4لاکھ10ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔

دریں اثنا کوہ ماراں پہاڑی کے دامن میں واقع بادام واری میں بھی 31مارچ سے 6اپریل تک زائد از34ہزار 3سو سیلانیوں نے دلفریب قدرتی نظاروں کا مشاہدہ کیا۔

پروگرام اطلاع

زیرو ویسٹ ۔ سالڈ اینڈ لیکویڈ ویسٹ منیجمنٹ فار سسٹینبل ڈیولپمنٹ موضوع کے تحت آکاشوانی نیوز سرینگرکا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے نو بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر کیا جائے گا۔

پروگرام کی مہمان شخصیت سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ ہیں۔ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے سول سیکریٹریٹ جموں میں محکمے کی مجموعی کار گذاری کاجائزہ لیتے ہوئے انتظامی معاملات میں جوابدہی اور شفافیت بنائے رکھنے کی اہمیت اجا گر کی ۔وزیر موصوف نے جموں کشمیر کے سبھی خطونمیں لکڑی کی دستیابی کا جائزہ لیتے ہوئے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ہر علاقے میں لوگوں کی ضروریات کے مطابق لکڑی کی فراہمی یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کریں۔

انہوں نے ایک آن لائن پورٹل تیار کرنے کی ہدایت دی تاکہ لکڑی اور دیگر امور سے متعلق لین دین کی متواتر نگرانی کی جا سکے اور اس صورت میں سرکار اور عوام دونوں کا فائدہ ہو جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22اعشاریہ 8ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ